113

6:سورۃ الأنعام

ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	ترتیبِ نزول	مکی / مدنی	تعداد رکوع	آیات	پارہ شمار	نام پارہ
6	سُوْرَةُ الْاَنْعَام	55	مکی	20	165	7	وَ اِذَا سَمِعُوْا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن اور رحیم ہے

آیات نمبر 1 تا 11 میں اللہ کی حمد و ثنا کے بعد اس کی وحدانیت کی وہ دلیل جسے کفار بھی تسلیم کرتے تھے کہ وہ ہر چیز کا خالق ہے، پھر بھی کفار دوسری ہستیوں کو اس کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ اس نے انسان کو مٹی سے پیدا کیا اور وہ سب کے اعمال کو جانتا ہے۔ جب بھی اللہ کی طرف سے کوئی نشانی آتی ہے یہ لوگ اس سے اعراض ہی کرتے ہیں۔ ان سے پہلے کتنی ہی نافرمان قوموں کو ہلاک کیا جا چکا ہے۔ یہ گمراہی میں اتنی دور جا چکے ہیں کہ اگر ان پر آسمان سے کوئی ایسی کتاب نازل ہو جائے جسے یہ چھو کر دیکھ سکیں تو پھر بھی یہ ایمان نہیں لائیں گے۔ کفار کو دعوت کہ زمین میں چل پھر کر دیکھیں کہ نافرمانوں کا کیا انجام ہوا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَ النُّوْرَ ۬ ط
ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿١﴾ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں

جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور جس نے تاریکیوں اور نور کو بنایا، اس کے باوجود بھی وہ لوگ جنھوں نے کفر کی راہ اختیار کر رکھی ہے، اپنے رب کے ساتھ دوسروں کو برابر کا شریک ٹھہراتے ہیں

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى

اَجَلًا ؕ وَ اَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾ وہ اللہ ہی تو ہے جس نے
تم سب کو مٹی سے پیدا کیا، پھر تمہارے لیے زندگی کی ایک مدت مقرر کر دی، اور
ایک معین وقت بھی ہے جو اس کے ہاں طے شدہ ہے، مگر تم لوگ ہو کہ شک میں
پڑے ہوئے ہو قیامت کا دن معین ہے جسے صرف اللہ ہی جانتا ہے وَ هُوَ اللّٰهُ فِي
السَّمٰوٰتِ وَ فِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَ جَهْرَكُمْ وَ يَعْلَمُ مَا
تَكْسِبُوْنَ ﴿۳﴾ اور وہ اللہ ہی معبود برحق ہے آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی، وہ
جانتا ہے تمہارے پوشیدہ احوال کو بھی اور ظاہر کو بھی اور جو کچھ اعمال تم کر رہے ہو وہ
اسے بھی جانتا ہے وَ مَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا
مُعْرِضِيْنَ ﴿۴﴾ اور ان منکرین کا یہ حال ہے کہ جب بھی ان کے پاس ان کے رب کی
طرف سے کوئی نشانی آتی ہے تو وہ اس سے روگردانی ہی کرتے ہیں فَقَدْ كَذَّبُوْا
بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۵﴾ چنانچہ جب ان کے پاس حق آگیا تو انہوں نے اسے بھی جھٹلا دیا،
بہت جلد ان کو اس بات کی حقیقت معلوم ہو جائے گی جس کا وہ مذاق اڑاتے رہے ہیں
اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ
نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَ اَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّ جَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۶﴾
کیا اِن لوگوں نے دیکھا نہیں کہ ہم ان سے پہلے کتنی ہی ایسی قوموں کو ہلاک کر چکے جنہیں
ہم نے زمین میں وہ اقتدار بخشا تھا جو ان کفار کو بھی نہیں بخشا، ہم نے اُن پر آسمان سے

خوب بارشیں برسائیں اور ان کے نیچے نہریں بہادیں مگر پھر ان کے گناہوں کی پاداش میں
انہیں ہلاک کر دیا اور ان کی جگہ دوسری قومیں پیدا کر دیں وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِیْ
قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ
مُّبِيْنٌ۝۷ اے پیغمبر! اگر ہم کاغذ پر لکھی ہوئی ایک کتاب آپ پر اتار دیتے، پھر یہ لوگ
اسے اپنے ہاتھوں سے چھو کر دیکھ بھی لیتے تو جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ یہی کہتے کہ یہ
صریح جادو کے سوا کچھ نہیں وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا
لَّقُضِیَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ۝۸ یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس پیغمبر کے پاس فرشتہ کیوں
نہیں اتارا گیا؟ اور اگر ہم فرشتہ نازل کر دیتے تو پھر کبھی کا فیصلہ ہو چکا ہوتا، پھر انہیں کوئی
مہلت نہ دی جاتی فرشتہ تو اسی وقت اتارا جاتا ہے جب عذاب کا فیصلہ ہو جاتا ہے وَلَوْ
جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ۝۹ اور اگر ہم کوئی
فرشتہ اتارتے بھی تو یقیناً اس کو کسی انسان کی شکل ہی میں اتارتے اور ہم انہیں پھر اسی شبہ
میں ڈال دیتے جس میں وہ اب پڑے ہوئے ہیں وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ
فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ۝۱۰ بے شک آپ سے
پہلے بھی رسولوں کا مذاق اڑایا جا چکا ہے پھر ان مذاق اڑانے والوں کو اسی عذاب نے آگھیرا
جس کا یہ مذاق اڑایا کرتے تھے رکوع [۱] قُلْ سِيْرُوْا فِی الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ۝۱۱ آپ فرما دیجئے کہ ذرا زمین میں چل پھر کر دیکھو
کہ ان جھٹلانے والوں کا انجام کیا ہوا۔

[# 113]

نام پارہ	پارہ شمار	آیات	تعداد رکوع	مکی / مدنی	نام سورہ	ترتیبِ تلاوت
وَ اِذَا سَمِعُوْا	7	165	20	مکی	سُوْرَۃُ الْاَنْعَام	6

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

In the Name of Allah, the Most Beneficent, the Most Merciful.

In Verses 1 to 11, After praising and glorifying Allah, the evidence of His Oneness, acknowledged even by disbelievers, who accept Him as the Creator of all things, is presented. Despite this acknowledgment, the disbelievers equate other beings with Him. He created humans from clay and has knowledge of all their deeds. Whenever a sign from Allah is presented to them, these people turn away in aversion. They have deviated so far in misguidance that even if a book were to descend from the sky and they could touch it, they would still not believe.

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ جَعَلَ
الظُّلُمٰتِ وَ النُّوْرَ ؕ۬ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾

All praise is for Allah[alone], who created the heavens and the earth and made darkness and the light. Yet, despite this, those who have chosen the path of disbelief, equate [others] with their Lord.

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ وَ اَجَلٌ
مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾

He is Allah, who created you from clay and then decreed a term for you to live, and there is another fixed time known to Him [for you to be resurrected]. Yet, you are still in doubt [about the day of judgment].

وَ هُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ فِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَ
جَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۝٣

And He is the God, worshipped in the heavens and the earth. He knows whatever you conceal and whatever you reveal, And He knows all [the good and the evil] that you are earning.

وَ مَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا
مُعْرِضِيْنَ ۝٤

Whenever there comes to them a sign from the [revealed and natural] signs of their Lord, they turn away from it in aversion.

فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ
اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٥

So truly, they have [willfully] denied the truth when it came to them [from Allah]. So, Very soon they will come to know the consequences of their mocking.

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي
الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَ اَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ
مِّدْرَارًا ۠ وَّ جَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ
فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا
اٰخَرِيْنَ ۝٦

Do they not see how many a [disbelieving] generations We have destroyed before them-whom We had [firmly] established in the earth, such as We have not established you, and We sent clouds pouring rain upon them in abundance, thus causing the rivers flow beneath them [at their feet]. Then We destroyed them for their sins and created after them another generation.

وَ لَوۡ نَزَّلۡنَا عَلَیۡکَ کِتٰبًا فِیۡ قِرۡطَاسٍ فَلَمَسُوۡہُ بِاَیۡدِیۡہِمۡ
لَقَالَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اِنۡ ہٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۷﴾

[O Prophet]! If We had sent down to you a written scripture on a page, and they touched it with their own hands, those who disbelieve would still have said, 'This is nothing but clear magic.'

وَ قَالُوۡا لَوۡ لَاۤ اُنۡزِلَ عَلَیۡہِ مَلَکٌ ؕ وَ لَوۡ اَنۡزَلۡنَا مَلَکًا لَّقُضِیَ
الۡاَمۡرُ ثُمَّ لَا یُنۡظَرُوۡنَ ﴿۸﴾

They say, 'Why an angel has not been sent down with him?' [Know that] If We had sent down an angel, [it would have been with their destruction, and] the matter would have been concluded, and they would not have been granted any respite.

وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ لَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا

يَلْبِسُوْنَ ﴿٩﴾

And even if We had sent an angel [as our messenger], We would certainly have made him appear as a man, and We would have certainly caused them confusion in a matter in which they are already confused.

وَ لَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ

سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٠﴾ع رکوع[١]

[O Muhammad PBUH] Indeed, messengers [even] before you were mocked, but those who scoffed at them, were [ultimately] encompassed by [the very punishment] they used to mock at.

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾

Say to them; travel through the earth and see [yourself] how [devastating] was the end of those who denied the truth.